نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کے مرکزی علاقوں میں کھادوں کے متناسب استعمال بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور:**12 مئی 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکار کپاس کے مرکزی علاقوں میں فصل سے بھرپور پیداوار حاصل کرنے کے لئے کمزور زمین میں پونے دو بوری ڈی اے پی + ساڑھے تین بوری یوریا + ڈیڑھ بوری ایس او پی / سوا بوری ایم او پی فی ایکڑ استعمال کریں۔اسی طرح درمیانی زمین کے لئے ڈیڑھ بوری ڈی اے پی + سوا تین بوری یوریا + ڈیڑھ بوری ایس او پی / سوا بوری ایم او پی فی ایکڑ استعمال کریں جبکہ زرخیز زمین میں سوا بوری ڈی اے پی + تین بوری یوریا + ڈیڑھ بوری ایس او پی / سوا بوری ایم او پی فی ایکڑ استعمال کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ کپاس کے کاشتکار فاسفورس اور پوٹاش والی کھادوں کی تمام مقدار اور نائٹروجنی کھاد کا 1/4 حصہ بوقت تیاری زمین میں ڈالیں جبکہ بقیہ نائٹروجنی کھاد 3 یا 4 اقساط میں ڈالیں۔کھادوں کے استعمال سے قبل کاشتکار زمین کا تجزیہ کرائیں اور محکمہ زراعت پنجاب کے ماہرین کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق کھادوں کا ترجیحاً استعمال کریں۔

☆☆☆☆☆